## کشمیری عوام کے جائز مسائل کے حل پر بھرپور توجہ دی جائے، الطاف حسین
## آزاد کشمیر قانون ساز اسمبلی کے نومنتخب وزیر اعظم راجہ فاروق حیدر کو الطاف حسین کی مبارکباد

لندن۔۔۔22، اکتوبر 2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے آزاد کشمیر قانون ساز اسمبلی کے نومنتخب وزیر اعظم راجہ فاروق حیدر کو دلی مبارکباد پیش کی ہے۔ ایک بیان میں جناب الطاف حسین نے کہا کہ کشمیری عوام گزشتہ کئی برسوں سے اپنے جائز حقوق سے محروم ہیں اور انگنت مسائل کا شکار ہیں اور وقت کا تقاضا ہے کہ کشمیری عوام کے جائز مسائل کے حل پر بھرپور توجہ دی جائے۔ انہوں نے امید ظاہر کی کہ نومنتخب وزیر اعظم ایوان میں جمہوری روایات کے فروغ اور کشمیری عوام کے مسائل کے حل کیلئے اپنا بھرپور کردار ادا کریں گے۔ جناب الطاف حسین نے نومنتخب وزیر اعظم راجہ فاروق حیدر کو دلی مبارکباد پیش کرتے ہوئے انہیں ایم کیو ایم کی جانب سے بھرپور تعاون کا یقین بھی دلایا۔ جناب الطاف حسین نے آزاد کشمیر کی قانون ساز اسمبلی کے اسپیکر شاہ غلام قادر کو بھی مبارکباد پیش کی۔

## اسلام آباد میں دہشت گردوں کی کارروائی پر الطاف حسین کا اظہار تشویش
## شہید بریگیڈئر معین الدین اور ڈرائیور اصغر کے سوگوار لواحقین سے تعزیت

لندن۔۔۔22، اکتوبر 2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے اسلام آباد سیکٹر جی الیون میں دہشت گردوں کی فائرنگ سے بریگیڈئر معین الدین احمد اور ان کے ڈرائیور اصغر کے جاں بحق ہونے کی سخت ترین الفاظ میں مذمت کی ہے۔ اپنے ایک بیان میں جناب الطاف حسین نے ملک خصوصاً اسلام آباد میں دہشت گردی کی بڑھتی ہوئی کارروائیوں پر تشویش کا اظہار کیا جن میں اب تک فوج کے متعدد اعلیٰ افسران اور جوان شہید ہو چکے ہیں۔ جناب الطاف حسین نے حکومت سے مطالبہ کیا ہے کہ دہشت گردوں کی سرکوبی اور عوام کی جان و مال کی حفاظت کیلئے سخت اقدامات کیے جائیں۔ انہوں نے شہید بریگیڈئر معین الدین احمد اور ڈرائیور اصغر کے سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت و ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے شہداء کے درجات کی بلندی اور سوگواران کیلئے صبر جمیل کی دعا کی۔

## شہید ہونے والے کمانڈو محمد رفیق نیازی شہید اور لاہور میں مناواں پولیس ٹریننگ سینٹر پر
## دہشت گردوں کے حملے میں شہید ہونے والے سپاہی سید عرفان بخاری شہید کی قبروں پر حاضری دی
## اسکاؤٹس کے دستے نے دونوں شہیدوں کی قبروں پر پھولوں کی چادریں چڑھائیں اور سلامی دی
## ایم کیو ایم کے اراکین رابطہ کمیٹی اور ارکان اسمبلی نے کمانڈو محمد رفیق شہید اور عرفان بخاری شہید کے گھر جا کر لواحقین سے تعزیت کی

کراچی۔۔۔22 اکتوبر 2009ء

ایم کیو ایم کے زیر اہتمام اسکاؤٹس کے ایک دستہ نے پنجاب کے شہر لودھراں جا کر چندروز قبل راولپنڈی میں جی ایچ کیو پر دہشت گردوں کے خلاف کارروائی کے دوران شہید ہونے والے اسپیشل سروسز گروپ کے کمانڈو محمد رفیق نیازی شہید اور لاہور میں مناواں پولیس ٹریننگ سینٹر پر دہشت گردوں کے حملے میں شہید ہونے والے سپاہی سید عرفان بخاری شہید کی قبروں پر حاضری دی۔ اسکاؤٹس کے دستے نے لودھراں کے سی آئی اے اسٹاف قبرستان میں واقع ان دونوں شہیدوں کی قبروں پر پھولوں کی چادریں چڑھائیں، سلامی دی اور ملک وقوم کی خاطر اپنی جانوں کا نذرانہ پیش کرنے پر ان شہیدوں کو زبردست خراج عقیدت پیش کیا اور فاتحہ خوانی کی۔ اس موقع پر ایم کیو ایم کی رابطہ کمیٹی کے ارکان سیف یار خان، چوہدری علی حسین، ایم کیو ایم کے اراکین قومی اسمبلی سید آصف حسنین، سفیان یوسف، سندھ کے وزیر خالد بن ولایت ایڈوکیٹ، ایم کیو ایم پنجاب کمیٹی کے رکن عنصر بٹر، ایم کیو ایم ڈسٹرکٹ لودھراں کے ذمہ داران و کارکنان بھی موجود تھے۔ بعدازاں ایم کیو ایم کے رہنماؤں، ارکان اسمبلی اور ذمہ داروں نے لودھراں میں کمانڈو محمد رفیق شہید کے گھر جا کر انکے چچا اور بھائی جبکہ عرفان بخاری شہید کے گھر جا کر ان کے بھائی ظفر اور معصوم بچی سے تعزیت کی اور دونوں شہیدوں کے ایصال ثواب کیلئے فاتحہ خوانی کی۔ ایم کیو ایم کے رہنماؤں نے شہیدوں کے اہل خانہ کو ایم کیو ایم کے قائد جناب

الطاف حسین کی جانب سے تعزیتی پیغام پہنچایا اوراظہار خیال کرتے ہوئے کہا کہ پوری قوم اپنے مسلح افواج، سیکوریٹی فورسز اور پولیس کے افسروں اور جوانوں کو سلام پیش کرتی ہے جو ملک وقوم کو دہشت گردوں سے نجات دلانے کیلئے اپنی جانوں کا نذرانہ پیش کررہے ہیں۔ پوری قوم کو اپنے ان بہادر جوانوں پر فخر ہے۔شہیدوں کے لواحقین نے شہیدوں کو سلامی پیش کرنے اور تعزیت کیلئے ایم کیوایم کے رہنماؤں اوراراکان اسمبلی کو بھیجنے پر ایم کیوایم کے قائد جناب الطاف حسین کا شکریہ ادا کیا اور اسے سراہا۔واضح رہے کہ دہشت گردی کے خلاف جاری جنگ میں شہید ہونیوالے مسلح افواج کے افسران اورنو جوانوں کو خراج عقیدت اور سلامی پیش کرنے کیلئے بدھ کو ایم کیوایم کے مرکز نائن زیرو سے روانہ ہونیوالا 30 رکنی اسکاؤٹس کا تازہ دم دستہ جمعرات کو پنجاب کے شہر لودھراں پہنچا۔

## گلگت اوربلتستان میں حق پرست امیدواروں کی ریلیاں اور جلسے

## اسکردو کی تمام چھوٹی بڑی شاہراؤں پر ریلی کا گشت،عوام کی بہت بڑی تعداد میں شرکت

## حق پرست قیادت انتخابات میں کامیابی کے بعد گلگت بلتستان میں کراچی کی طرح ترقیاتی کام کرے گی،مقررین

اسکردو۔۔۔22اکتوبر2009ء

گلگت بلتستان کی قانون ساز اسمبلی کے بارہ نومبر کو ہونے والے انتخابات کے سلسلے میں متحدہ قومی موومنٹ کے نامزد حق پرست امیدواروں کی انتخابی مہم پورے جوش وخروش کے ساتھ جاری ہے۔گلگت اوربلتستان کے تمام حلقوں میں ایم کیوایم کے نامزدامیدواروں کی جانب سے انتخابی جلسے،جلوس اور ریلیاں منعقد کی جارہی ہیں۔مرکزی وعلاقائی انتخابی دفاتر پہلے ہی قائم ہوچکے ہیں۔گذشتہ روز حق پرست امیدوار راجہ اعظم خان کے حلقے GBLA-6 اسکردو 6 میں ایک بڑی انتخابی ریلی نکالی گئی جس میں ایم کیوایم کے ذمہ داران کے علاوہ حق پرست امیدوار اورعوام کی بڑی تعداد شریک ہوئی۔ریلی کے شرکاء اپنے ہاتھوں میں بڑے بڑے بینرز اور پلے کارڈ اٹھا رکھے تھے جس پر قائد تحریک جناب الطاف حسین اور متحدہ قومی موومنٹ کے حق میں نعرے اور دیگر کلمات درج تھے۔شرکاء نے ایم کیوایم کے پرچم بھی اٹھا رکھے تھے اس ریلی نے کئی گھنٹوں تک شہر کی تمام چھوٹی بڑی شاہراؤں اور علاقوں میں گشت کیا،ریلی کے شرکاء جیپوں ،کاروں اور موٹر سائیکلوں پر سوار تھے۔ریلی کے اختتام پر شرکاء سے خطاب کرتے ہوئے ایم کیوایم کے رہنماؤں اور حق پرست امیدواروں نے کہا کہ حق پرست قیادت انتخابات میں کامیاب ہوکر کراچی کی طرح گلگت بلتستان کے عوام کی خواہشات کے مطابق ترقیاتی کام کرے گی،انہوں نے کہا کہ متحدہ قومی موومنٹ غریب ومتوسط طبقے کی نمائندہ جماعت ہے جو سیاست برائے خدمت پر یقین رکھتی ہے اور انشاءاللہ 12 نومبر کا دن گلگت بلتستان کے عوام کیلئے خوشحالی کی نوید لے کر طلوع ہوگا انہوں نے عوام سے اپیل کی کہ وہ 12 نومبر کو انتخابات میں پتنگ کے انتخابی نشان پر مہر ثبت کرکے حق پرست امیدواران کو بھاری اکثریت سے کامیاب بنائیں۔

## الطاف حسین واحد لیڈر ہیں جو غریبوں کی تقدیر بدلنے کی صلاحیت رکھتے ہیں،توصیف خانزادہ

## وقت آگیا ہے کہ 62 سالوں سے ملک کی سیاست پر طاری جمود کو ختم کرکے ملک میں غریبوں کی حکمرانی قائم کی جائے

## بلتستان میں مرکزی الیکشن آفس کی افتتاحی تقریب سے خطاب

بلتستان۔۔۔22اکتوبر2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی کے رکن توصیف خانزادہ نے کہاہے کہ قائدتحریک جناب الطاف حسین ملک کے واحد لیڈر ہیں جو غریبوں کی تقدیر بدلنے کی صلاحیت رکھتے ہیں،ایم کیوایم جو غریب ومتوسط طبقے کی نمائندہ جماعت ہے سیاست برائے خدمت پر یقین رکھتی ہے،وقت آگیا ہے کہ 62 سالوں سے ملک کی سیاست پر طاری جمود کو ختم کرکے ملک میں غریبوں کی حکمرانی قائم کی جائے۔ان خیالات کا اظہار انہوں نے بدھ کو حلقہ GBLA-1 بلتستان 2 سے نامزد حق پرست امیدوار نثار بلتی کی انتخابی مہم کے سلسلے میں مرکزی الیکشن آفس کے افتتاح کے موقع پر خطاب کے دوران کیا۔قبل ازیں انہوں نے بلتستان کے علاقے الطاف نگر میں ایم کیوایم کے مرکزی الیکشن آفس کا افتتاح کیا۔افتتاحی تقریب سے صوبائی تنظیمی کمیٹی کے جوائنٹ انچارج یاور جمیل،حق پرست امیدوار نثار خان بلتی اور صوبائی تنظیمی کمیٹی کے رکن ارشد سبیل نے بھی خطاب کیا۔اس موقع پر ایم کیوایم بلتستان کے ذمہ داران اور کارکنان کے علاوہ معززین شہر اور حق پرست عوام کی بہت بڑی تعداد موجود تھی۔ توصیف خانزادہ نے اپنے خطاب میں کہا کہ آج ملک بھر کے مظلوم ومحکوم عوام قائد تحریک جناب الطاف حسین کو اپنا نجات دہندہ مانتے ہیں اوران کے نظریہ حقیقت پسندی وعملیت پسندی پر پوری طرح عمل پیرا ہیں۔گلگت بلتستان کے غیور عوام بھی قائد تحریک الطاف حسین کی قیادت میں ایم کیوایم کی جدوجہد کا حصہ ہیں۔نثار خان بلتی نے کہا کہ الطاف حسین بھائی نے بحیثیت امیدوار منتخب کرکے مجھ پر جو اعتماد

کا اظہار کیا ہے میرے لئے قابل فخر ہے اور میں الطاف بھائی کے اعتماد پر پورا اتر ونگا۔ارشد سبیل نے کہا کہ گلگت بلتستان کے عوام اپنے مسائل کے حل کیلئے 62 سالوں سے مختلف سیاسی و مذہبی جماعتوں کو ووٹ دے کر کامیاب کراتے رہے ہیں تاہم ان جماعتوں نے کبھی عوام کے مسائل پر توجہ نہیں دی۔انہوں نے عوام سے کہا کہ اب آپ ایم کیو ایم کو موقع دیں ایم کیو ایم آپ کے مسائل حل کر کے دکھائے گی۔علاوہ ازیں توصیف خانزادہ نے حق پرست رکن سندھ اسمبلی رضا حیدر، انچارج صوبائی تنظیمی کمیٹی الطاف زیدی، جوائنٹ انچارج یاور جمیل، ارشد سبیل اور عبدالحامد کے ہمراہ حلقہ 1 میں تمام انتخابی دفاتر کا تفصیلی دورہ کیا اور انتخابی مہم میں مصروف کارکنان سے فرداً فرداً ملاقات کر کے تحریکی کاموں کا جائزہ لیا۔اس موقع پر انہوں نے کارکنان کو قائد تحریک الطاف حسین کی جانب سے شاباش دی اور کہا کہ تبدیلی کا وقت آ گیا ہے گلگت بلتستان کی ہوائیں اس بات کی نوید سنا رہی ہیں کہ 12 نومبر حق پرستوں کی فتح کا دن ہے، 62 سالوں سے جو لوگ آپ کو دھوکہ دے رہے تھے اب ان کا احتساب ہونا چاہیے اور اب فیصلہ عوام پر ہے کہ وہ 12 نومبر کو حق پرستوں کو ووٹ دیکر دھوکہ دہی کرنیوالوں کو مسترد کر دیں۔

## ٹیلی فون انڈسٹری کے ملازمین کی تنخواہوں میں 70 فیصد اضافے کا مسئلہ حل کرانے پر الطاف حسین سے اظہار تشکر
## ثابت ہو گیا کہ ایم کیو ایم بلا تفریق رنگ و نسل اور زبان غریب عوام کے مسائل حل کر رہی ہے، سی بی اے یونین کے عہدیداران

کراچی۔۔۔22 اکتوبر 2009ء

ٹیلی فون انڈسٹری آف پاکستان کے ملازمین نے تنخواہوں میں 70 فیصد اضافے کا دیرینہ مسئلہ حل کرانے پر متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین کا شکریہ ادا کیا ہے ۔اسٹاف یونین سی بی اے کراچی کے صدر نیر اقبال، جنرل سیکریٹری محمد یلیین اور محمد یوسف کہا ہے کہ ایم کیو ایم بلا تفریق رنگ و نسل اور زبان غریب عوام کے مسائل حل کر رہی ہے اور ٹی آئی پی کے ملازمین کے مسائل کا حل اس کی روشن مثال ہے۔انہوں نے کہا کہ حکومت پاکستان کی جانب سے سرکاری ملازمین کی تنخواہوں میں 2006ء میں پندرہ فیصد، 2007ء میں پندرہ فیصد، 2008ء میں بیس فیصد اور 2009ء میں بیس فیصد اضافہ کیا گیا تھا لیکن ٹیلی فون انڈسٹری کے ملازمین کو گذشتہ چار سالوں سے اس اضافے سے محروم رکھا جا رہا تھا جس کے باعث ان میں شدید بے چینی اور مایوسی پائی جاتی تھی اور مہنگائی کے دور میں وہ انتہائی کسمپرسی کی زندگی گزارنے پر مجبور تھے، ٹیلی فون انڈسٹری آف پاکستان کے ملازمین کا یہ مسئلہ اب حل ہو گیا اور انہیں مجموعی طور پر کروڑوں روپے کے واجبات کی ادائیگی شروع ہو گئی ہے۔اسٹاف یونین سی بی اے کراچی رہنماؤں نے بتایا کہ انہوں نے ایم کیو ایم کے مرکز نائن زیرو پر لیبر ڈویژن کے انچارج وسیم قریشی سے ملاقات کر کے انہیں ٹیلی فون انڈسٹری آف پاکستان کے ملازمین کی تنخواہوں میں اضافے کے دیرینہ مسئلہ سے آگاہ کیا تھا جس کے بعد وسیم قریشی نے یہ مسئلہ ایم کیو ایم کے قائد جناب الطاف حسین تک پہنچایا اور انہوں نے حق پرست ارکان قومی اسمبلی حیدر عباس رضوی، اقبال محمد علی اور ساجد احمد کو اس مسئلے کے حل کیلئے ہدایات جاری کیں اور حق پرست نمائندوں نے ٹیلی فون انڈسٹری آف پاکستان کے ملازمین کی تنخواہوں کا مسئلہ ایوان میں اٹھایا اور یہ مسئلہ حل کروا کے ثابت کر دیا کہ ایم کیو ایم غریب و متوسط طبقے کی نمائندہ جماعت ہے جو زبانی جمع خرچ پر نہیں بلکہ عوام کی خدمت اور ان کے مسائل کے حل کیلئے عملی کام کر رہی ہے۔انہوں نے کہا کہ سندھ، بلوچستان، پنجاب اور سرحد کے ہزاروں ملازمین اور ان کے اہل خانہ معاشی بدحالی سے نجات دلانے پر حق پرست نمائندوں اور قائد تحریک جناب الطاف حسین کے بے حد ممنون و مشکور ہیں اور ایم کیو ایم کی کامیابی اور قائد تحریک الطاف حسین کی درازی عمر صحت و تندرستی کیلئے دعا گو ہیں۔

## تنظیمی نظم و ضبط کی خلاف پر ایم کیو ایم میڈیکل ایڈ کمیٹی اوجھا اسپتال یونٹ کے انچارج، جوائنٹ انچارج و اراکین تنظیم کی رکنیت سے غیر معینہ مدت کیلئے معطل

کراچی۔۔۔22 اکتوبر 2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے تنظیمی نظم وضبط کی سنگین خلاف ورزی کی بناء پر ایم کیو ایم میڈیکل ایڈ کمیٹی اوجھا اسپتال یونٹ کے انچارج کامران امتیاز ولد سید امتیاز حسین، جوائنٹ یونٹ انچارج سلیم شیخ ولد شیخ امیر اور یونٹ کمیٹی کے ارکان مرزا مظہر بیگ ولد مرزا انور بیگ، محمد اصغر علی ولد محمد سہیل اور عزیز احمد ولد سید شکیل احمد کو غیر معینہ مدت کیلئے تنظیم کی بنیادی رکنیت سے معطل کر دیا ہے۔رابطہ کمیٹی نے میڈیکل ایڈ کمیٹی اور ایم کیو ایم کے تمام ذمہ دار و کارکنان کو ہدایت کی ہے کہ وہ تنظیمی نظم و ضبط پر سختی سے عمل کریں اور معطل کیے گئے میڈیکل ایڈ اوجھا یونٹ کے مذکورہ ذمہ داران سے کسی بھی قسم کا ہرگز کوئی رابطہ نہ رکھیں۔

## لائنز ایریا کے رہائشی محمد ظفر عرف منور سے ایم کیو ایم کا قطعی کوئی تعلق نہیں، رابطہ کمیٹی کی وضاحت

کراچی۔۔۔22اکتوبر2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے ایم کیو ایم لائنز ایریا کے رہائشی جرائم پیشہ محمد ظفر عرف منور ولد انور سے لاتعلقی کا اظہار کیا ہے اور محمد ظفر کا ایم کیو ایم سے کبھی کوئی تعلق نہیں رہا ۔اپنے ایک وضاحتی بیان میں رابطہ کمیٹی نے کہا ہے کہ ظفر عرف منور جرائم پیشہ ہے جو سنگین وارداتوں میں ملوث ہے اور علاقے میں خود کو ایم کیو ایم کا کارکن ظاہر کر کے ایم کیو ایم کو بدنام کر رہا ہے۔رابطہ کمیٹی نے حق پرست عوام سے اپیل کی ہے کہ وہ ایم کیو ایم کا نام استعمال کرنیوالے جرائم پیشہ افراد کی اطلاع ایم کیو ایم مرکز نائن زیرو پر کریں۔

## اے پی ایم ایس او کے کارکن شاہد احمد کے انتقال پر الطاف حسین کا اظہار افسوس

کراچی۔۔۔22،اکتوبر2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے اے پی ایم ایس او سیکٹر ڈی قائداعظم کالج یونٹ کے کارکن شاہد احمد کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں جناب الطاف حسین نے مرحوم کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت و ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے انہیں صبر کی تلقین کی اور کہا کہ میں اور ایم کیو ایم کے تمام کارکنان آپ کے غم میں برابر کے شریک ہیں۔انہوں نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ شاہد احمد مرحوم کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو یہ صدمہ برداشت کرنے کا حوصلہ عطا کرے۔(آمین)

## ایم کیو ایم کے کارکنان سے رابطہ کمیٹی کا اظہار تعزیت

کراچی۔۔۔22،اکتوبر2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے اے پی ایم ایس او سیکٹر ڈی قائداعظم کالج یونٹ کے کارکن شاہد احمد، کارکن عذیر کی دادی بلقیس جہاں، ایم کیو ایم گلشن اقبال یونٹ 67/C کے کارکن رفیع دانش کی والدہ اور ایم کیو ایم اورنگی سیکٹر یونٹ A-118 کے کارکن محمد سعید عارف کی والدہ زہرہ خاتون کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں رابطہ کمیٹی نے مرحومین کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت و ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے انہیں صبر کی تلقین کی۔رابطہ کمیٹی نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومین کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو یہ صدمہ برداشت کرنے کا حوصلہ عطا کرے۔(آمین) دریں اثناء اے پی ایم ایس او کے چیئرمین و مرکزی کابینہ نے بھی تمام مرحومین کے انتقال پر اپنے دکھ اور افسوس کا اظہار کرتے ہوئے مرحومین کی مغفرت، بلند درجات اور سوگواران کے صبر جمیل کیلئے دعا کی ہے۔

## بھارتی جیل میں جاں بحق ہونے والے جاوید نو تیار کی تدفین میں متحدہ کے ارکان اسمبلی اور صوبائی وزیر کی شرکت

کراچی۔۔۔22اکتوبر2009ء

بھارتی صوبہ گجرات کی راجکوٹ جیل میں پولیس تشدد سے جاں بحق ہونے والے پاکستانی نوجوان محمد جاوید نو تیار کی میت جمعرات کی شب کراچی پہنچ گئی۔محمد جاوید کی میت کراچی کے قائداعظم انٹرنیشنل ایئرپورٹ پر متحدہ قومی موومنٹ کے حق پرست ارکان قومی وصوبائی اسمبلی ساجد احمد، وسیم احمد اور حق پرست صوبائی وزیر نثار پہنور نے وصول کی۔اس موقع پر مرحوم کے بھائی محمد شاہد اور دیگر عزیز واقارب بھی موجود تھے۔بعد ازاں مرحوم کا جنازہ ان کی رہائشگاہ واقع ڈی ایریا کھوکھراپار لایا گیا، نماز جنازہ بلال مسجد میں ادا کی گئی اور انہیں رات گئے ابراہیم شاہ قبرستان میں سپرد خاک کر دیا گیا۔نماز جنازہ اور تدفین میں ایم کیو ایم کے ارکان قومی وصوبائی اسمبلی وزیر، ناظمین اور کونسلرز کے علاوہ ایم کیو ایم ملیر سیکٹر کے ذمہ داران وکارکنان بھی شریک ہوئے۔

☆☆☆☆☆